سنن دارمی شریف

تالیف

شیخ المسلمین فی الحدیث

الامام الحافظ ابو محمد عبد الله بن عبد الرحمن بن الفضل بن بهرام الدّارمي

(۱۸۱ - ۲۵۵ھ)

ترجمہ:

حامل الرایة فی میدان التحقیق

حائز قصب السبق فی مضمار التدقیق

ابو العلا محمد محي الدین جہانگیر

وفقہ اللہ تعالیٰ خیر التوفیق

ھو نعم المولیٰ ونعم الرفیق

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

جلد دوم

سنن دارمی شریف

تالیف

مشیخ المسلمین فی الحدیث

الامام الحافظ ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن بن الفضل بن بہرام الدارمی

(۱۸۱-۲۵۵ھ)

ترجمہ:

حامل الرایۃ فی میدان التحقیق

حائز قصب السبق فی مضمار التدقیق

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

وفقہ اللہ تعالٰی بحسن التوفیق

ھو نعم المولٰی و نعم الرفیق

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور

فون: 042-7246006

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

هو القادر

نام کتاب ———— سنن دارمی شریف جلد دوم
تصنیف ———— الامام الحافظ ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن
مترجم ———— ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر
کمپوزنگ ———— ورڈز میکر
باہتمام ———— ملک شبیر حسین
سن اشاعت ———— مارچ 2008ء
پروف ریڈنگ ———— غلام علی اعوان (ایم فل، فاضل درس نظامی)
سرورق ———— باھو گرافکس لاہور
طباعت ———— اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
ہدیہ (مکمل سیٹ دو جلدیں) [ ] روپے

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر 40 اردو بازار لاہور
فون: 042-7246006

نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم یہ اپنے مالک کے نزدیک جتنی بے حیثیت ہے دنیا' اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس سے زیادہ بے حیثیت ہے۔

بَاب اَیُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ

باب 28: کون سا عمل زیادہ افضل ہے

2772- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِی الْمُرَاوِحِ عَنْ اَبِی ذَرٍّ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَیُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ اِيمَانٌ بِاللّٰهِ وَجِهَادٌ فِی سَبِيلِ اللّٰهِ

☆☆ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ سے سوال کیا: کون سا عمل زیادہ افضل ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: اللہ پر ایمان رکھنا اور اللہ کے راستے میں جہاد کرنا۔

2773- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَی عَنْ اَبِی جَعْفَرٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ عِنْدَ اللّٰهِ اِيمَانٌ لَا شَكَّ فِيهِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ اَبُو جَعْفَرٍ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے افضل عمل ایسا ایمان ہے جس میں شک نہ ہو۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ابوجعفر نامی راوی' انصاری ہیں۔

بَابٌ لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰی يُحِبَّ لِاَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ

باب 29: کوئی بھی شخص اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوگا جب تک وہ اپنے بھائی کے لیے وہی چیز پسند نہ کرے جو اپنے لیے کرتا ہے

2774- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰی يُحِبَّ لِاَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کوئی بھی شخص اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوسکتا جب تک اپنے بھائی کے لیے وہی چیز پسند نہ کرے جو وہ اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

2775- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ وَهَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰی اَكُونَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کوئی بھی شخص اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوسکتا جب تک میں اس کے نزدیک اس کے والد اس کی اولاد اور سب لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔